سوال

(137)فوت شدہ کی طرف سے نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا کوئی شخص کسی کی نمازیں ادا کرسکتا ہے جب کہ وہ شخص فوت ہوگیا ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میت کی طرف سے اس کی زندگی کی نہ پڑھی ہوئی نماز کو میت کے وارثوں کا پڑھنا کتاب وسنت میں کہیں نہیں آیا۔ البتہ میت کے ذمہ صیام اورحج ہو تو اس کے قریبی رشتہ دار اس کی طرف سے ادا کردیں رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے :

«مَن مَاتَ وَعَلَيهِ صِيَامٌ صَامَ عَنهُ وَلِيُّهُ» متفق علیه

''جو کوئی فوت ہوجائے اور اس پر روزے ہوں تو اس کی طرف سے اس کا ولی روزے رکھے'' (صحیح بخاری ۔ کتاب الصوم باب من مات وعلیه صوم) صحیح مسلم میں میت کی طرف سے حج ادا کرنا بھی مذکور ہے نیز میت کی طرف سے قرض وزکاۃ ادا کرنا بھی ثابت ہے جوحج، قرض اور زکاۃ میت پر فرض تھے مگر زندگی میں ادا نہ ہوسکے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

نماز کا بیان ج1ص126

محدث فتویٰ